سوال

(545) کیا بچوں کی پیدائش میں وقفہ اس نیت سے کروانا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا بچوں کی پیدائش میں وقفہ اس نیت سے کروانا کہ ان کو سنبھالنا، پرورش، تربیت اور جسمانی کمزوری کی وجہ سے یا ہر سال بچے پیدا کرنے مشکل ہوں یا صحت کی کمزوری کی وجہ سے کروانا جائزہے ؟ بعض علماء نے جائز قرار دیا ہے، لیکن دلیل نہیں دی۔ لہٰذا مدلل جواب تحریر فرمادیں ؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

یہ میاں بیوی کے صلاح مشورے پر ہے۔ مناسب سمجھیں تو وقفہ کرلیں۔ مگر یہ وقفہ ادویات یا آپریشن کے ذریعہ شریعت سے ثابت نہیں۔ لہٰذا وہ یہ وقفہ ادویات اور آپریشن کے علاوہ کسی ذریعہ سے کریں۔ مثلاً صحبت میں وقفہ یا عزل کے ذریعہ کرسکتے ہیں۔ ۱۰ ؍ ۷ ؍ ۱۴۲۳ھ

[قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل]

جلد02ص466

محدث فتویٰ